06/05/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

عارف حسین سے خبریں سُنیے۔ اب آپ

مشق

مرکزی وزارت داخلہ نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ سول ڈیفنس تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے کل یعنی 7مئی کو فرضی مشقیں منعقد کریں۔

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووند موہن اس سلسلے میں آج ریاستوں کے چیف سیکریٹریوں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کرنے والے ہیں۔

فرضی مشق کا مقصد کسی بھی نازک صورتحال کے دوران لوگونکو بچاؤ اور حفاظت کیلئے تیار کرنے کی ایک سرگرمی ہوتی ہے اور یہ اکثر جنگی صورتحال کے پیش نظر کی جاتی ہے۔

ہوم گارڈ

دریں اثناڈائریکٹوریٹ جنرل فائر سروسز ، سول ڈیفنس اینڈ ہوم گارڈس نے تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف سیکریٹریوں کو مطلع کیاہے کہ وہ خطروں والے حساس علاقوں اور اضلاع مینسول ڈیفنس کی تیاریاں رکھیں۔

پولیس

جموں وکشمیر پولیس کی آپریشنل تیاریوں اور مختلف ایجنسیوں کے درمیان تال میل بڑھانے کی غرض سے ضلع پولیس لائنز ہندواڑہ میں ایک لاءاینڈ آڈر مشق منعقد کی گئی ، جس میں ہندواڑہ پولیس اور CRPF کی 92ویں بٹالین کے جوانوں نے حصہ لیا۔

SSP ہندواڑہ مشتاق احمد چودھری کی نگرانی میں منعقدہ اس مشق میں بھیڑ کو قابو کرنے اور دیگر اہم امور سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

اسی دوران سوپور پولیس کی طرف سے طالب علموں کیلئے سائبر سیکورٹی سے متعلق ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ گورنمنٹ بائز ہائر اسکنڈری اسکول سوپور میں منعقدہ اس جانکاری پروگرام کا مقصد طالب علموں اور عملے کوبڑھتے ہوئے سائبر خطرات کے بارے میں ہوشیا ر کرنا تھا۔

آج Asthma یعنی دمے کی بیماری کے بارے میں جارنکاری پیدا کرنے کیلئے عالمی دن ہے۔ یہ دن ہر سال مئی کی پہلی منگلوار کو ہوتاہے۔

سیز فائر

پاکستانی فوج کی طرف سے سرحدی علاقوں میں فائر بندی معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ لگاتار جاری ہے۔تازہ واقعات میں پاکستانی فوجیوں نے کپواڑہ ، بارہمولہ ، پونچھ ، راجوری ، مینڈھر ، نوشہرہ ، سندر بنی اور اکھنو ر سیکٹروں میں سرحد پار سے فائرنگ کی ۔

دفاعی ذرائع نے بتایاکہ اس گولی باری میں چھوٹے درجے کے ہتھیاروں کو استعمال کیا گیا جس کا بھارتی جوانوں نے بھی موثر اور بر وقت جواب دیا۔

ملاقات

ویلفیئر ایسو سی ایشن کے ایک OBCاننت ناگ سول سوسائٹی ، سماجی کارکنان اور مشترکہ وفد نے راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں کل کئی وفود نے نائب وزیراعلیٰ سریند رکمار چودھری سے ملاقات کرکے ان کی دانست میں اپنے مسائل و مطالبات لائے۔

نائب وزیر اعلیٰ نے سبھی وفود اور افراد کے مسائل غور سے سننے کے بعد انہیں یقین دلایا کہ جائزمطالبات کو بر وقت حل کیا جائے گا۔

سیب

موسم میں آئے دن کے تغیر و تبدل کی وجہ سے ان دنوں وادی کے باغات میں سیب اور لیفApple Blotch کے درختوں کو کئی بیماریاں لا حق ہو رہی ہیں۔ جن میں بھی شامل ہیں۔ Minor

یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیرکی طرف سے اس صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایک عبوری ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔

اس ضمن میں یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹینشن ایجوکیشن، پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....(Raihana)....Byte........

چیف سیکریٹری

عوام اور سرکار کے درمیان رابطے کوبڑھانے کے ایک اہم قدم کے طو رپر چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کے ماہانہ کا پہلا شمارہ جاری کیا۔Info connect رسالے

کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو اور محکمہ GAD اس موقعے پر محکمہ اطلاعات اور اطلاعات و تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر نتیش راجورا بھی موجود تھے ۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے نور باغ سرینگرمیں سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کا بر سر موقعہ معائینہ کیا ۔ یہ میگا پلانٹ شہر سرینگر کے ایک تہائی حصے کے ڈرینج نظام کو بہتربنائے گا۔

صوبائی کمشنر نے اس اہم پلانٹ کے باقی ماندہ کاموں کو مئی کے آخر تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن رکھی۔

تعزیت

ریڈیو لسنرس ایسوسی ایشن نے معروف براڈ کاسٹر ظہور زاہد کے چاچا کے انتقا ل پر سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعاکی ہے۔

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**Closing**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**

**.......................................................**

**................................**

**............**

**.......**